گلدستۂ اخبار

—— مرزا محمود احمد کے بڑے لڑکے کے ہاتھ پر ایک پھوڑا نکل آیا جس کا اپریشن کرانا پڑا۔ چند دنوں کی تکلیف کے بعد آرام آیا۔

—— مفتی محمد صادق قادیان میں پیشاب کی بندش کی وجہ سے بیمار رہے۔

—— آل انڈیا کشمیر کمیٹی کا غیر معمولی اجلاس لاہور میں ہوا جسمیں خلیفہ قادیان نے بھی شرکت کی۔

—— چودھری فتح محمد سیال تاحال زیر علاج ہیں۔

—— امرتسر میں ۱۹/۲۰ اکتوبر کو مباہلہ کانفرنس ہوئی جس میں مولانا کفایت اللہ۔ مولانا احمد سعید۔ مولانا حبیب الرحمٰن وغیرہ نے شرکت کی۔

—— انسپکٹر جنرل پولیس پشاور ریاست کشمیر کے انسپکٹر جنرل مقرر ہوئے ہیں۔

—— ڈاکٹر انصاری نے دہلی کانگرس کمیٹی سے استعفا دیدیا ہے۔

—— والی میسور نے ریاست کو مالی مشکلات میں امداد کیلئے ۲ لاکھ روپیہ اپنی جیب خاص سے دیا ہے۔

—— عراق میں ہیضہ کی وجہ سے حکومت ہند نے وہاں کے پاسپورٹ بند کردئے ہیں۔

—— وزیگاپٹم میں ایک پہاڑی گرنے سے ۳۰ آدمی ہلاک ہوگئے۔

—— مسٹر بی۔ جے گلینسی کشمیر کے سپیشل منسٹر مقرر ہوئے ہیں۔ تحقیقاتی کمیٹی کے صدر بھی وہی ہونگے۔

—— ۲۴۔ اکتوبر کو لاہور میں نیشنلسٹ مسلموں کا جلسہ تھا جسکے صدر ڈاکٹر انصاری تھے۔

—— جلسہ کے صدر پر مخالف مسلمانوں نے بڑی ادھم مچائی کئی ایک والنٹیروں کے سر پھوٹے۔

"مرقع قادیانی"

کا آٹھواں نمبر ارسال ہے۔ خریداری تاحال ناکافی ہے۔ پھر بھی اس کی اشاعت برابر جاری ہے۔ ناظرین اپنے اپنے حلقہ اثر میں اس کی توسیع اشاعت کی کوشش کریں (منیجر)